تیسرا ہندوستان-ویتنام میری ٹائم سیکورٹی ڈائیلاگ

31 مئی 2023

31 مئی 2023 کو نئی دہلی میں تیسرا ہندوستان-ویتنام میری ٹائم سیکورٹی ڈائیلاگ منعقد ہوا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کی جوائنٹ سکریٹری (تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی امور) محترمہ

مونپوئی سایاوی اور ویتنام کے وفد کی قیادت نیشنل باؤنڈری کمیشن کے وائس چیئرمین سفیر ترنھ ڈوک ہے (Trinh Duc Hai)نے کی۔ وفود میں بحری امور سے متعلق متعلقہ وزارتوں اور خدمات کے اعلیٰ حکام بھی شامل تھے۔

2۔ بات چیت کے دوران، دونوں فریقوں نے ایک محفوظ سمندری ماحول کو برقرار رکھنے کے طریقوں پر اتفاق کیا جو جامع ترقی اور عالمی بہبود کے لیے سازگار ہو۔ انہوں نے میری ٹائم ڈومین میں جاری تعاون کے اقدامات اور جامع میری ٹائم سیکیورٹی کے لیے بین الاقوامی اور علاقائی میکانزم کو تقویت دینے کے طریقوں کا جائزہ لیا۔

3۔ دونوں فریقوں نے اپنی مشترکہ کوششوں اور موجودہ فریم ورک کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا جیسے کہ سمندری سائنسی تحقیق، انسانی امداد اور قدرتی آفات سے نجات (HADR)، میری ٹائم کنیکٹیویٹی اور میری ٹائم سیکورٹی، بشمول بحریہ اور کوسٹ گارڈ تعاون، سمندری قانون کا نفاذ اور صلاحیت کی تعمیر۔

4۔ بات چیت کا اگلا دور ویتنام میں باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

نئی دہلی

31 مئی 2023